


# بچّو! میری بات سنو

* سنو اور دہراؤ۔

بچّو ! میری بات سنو — جو کہتا ہوں یاد رکھو
جب بھی اپنے لَب کھولو — پیارے بچّو ، سچ بولو
کھاؤ پِیو دل شاد کرو — اپنے رب کو یاد کرو
کھیلو کُودو موج کرو — لِکھنا پڑھنا بھی سِیکھو
جب سوچو اچّھا سوچو — کام کرو جو ، اچّھا ہو

(سیّد صفدر)

## 'و' کا جوڑ


* دیکھو اور سیکھو۔

ب + و = بو — بو پو تو ٹو ثو نو یو
ح + و = حو — جو چو خو
ہ + و = ہو


* ان لفظوں کو دیکھو اور بلند آواز سے پڑھو۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| توپ | نوٹ | چوٹ | جوڑ | توڑ |
| چور | روز | ڈور | ٹوپی | روٹی |

## مشقی سرگرمی



کھیل کھیل میں سیکھو۔




تیر کے نشان کے ساتھ چل کر
حروف کو ملا کر نئے لفظ بناؤ اور لکھو۔

275GSR



رنگ بھرو۔



* دیکھو اور سیکھو۔

ت + ؤ = تؤ

بؤ　پؤ　جؤ　خؤ

* دیکھو اور پڑھو۔

جؤن　نؤن　جؤتا　باپؤ　راجؤ　بابؤ　چؤنا　نؤر

## کھیل کھیل میں سیکھو۔

ا　د　خ　ؤ　ن　ن　ر

تیر کے نشان کے ساتھ چل کر حروف کو ملا کر نئے لفظ بناؤ اور لکھو۔

## جھؤلا جھؤلیں

* سنو اور دہراؤ۔

جھؤلا جھؤلیں جھؤلا جھؤلیں
پینگ بڑھا کر ڈالی چھؤلیں

دھیرے دھیرے پینگ بڑھائیں
پینگ بڑھا کر اؤپر جائیں

اؤپر سے پھر نیچے آئیں
تم بھی گاؤ ، ہم بھی گائیں


ہم نے باغ میں جھؤلا ڈالا
دیکھو کیسا کھیل نکالا

باغ میں پودے پھؤل رہے ہیں
ہم سب جھؤلا جھؤل رہے ہیں

(ماخوذ)




رنگ بھرو۔





رنگ بھرو۔



# س ش ص ض ط ظ

تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔

س

ش

ص



ض

ط



ظ

دیکھو اور لکھو۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| س | س | س | | | |
| ص | ص | ص | | | |
| ط | ط | ط | | | |

ہاتھ پھیرو۔

* دیکھو اور پڑھو۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| س | سا | سی | سے | سو |
| ص | صا | صی | صے | صو |
| ط | طا | طی | طے | طو |

* دائرے کے حرفوں سے بننے والے لفظوں میں ان حرفوں کو پہچان کر نشان لگاؤ۔
استاد کی مدد سے ان حرفوں سے بننے والے دو نئے لفظ بناؤ۔

**س**: ساگ، سورج، سیب — ؟ ؟

**ش**: شال، شہد، شور — ؟ ؟

**ص**: صورت، صابن، صبح — ؟ ؟

**ض**: ضمانت، ضمیر، ضلع — ؟ ؟

**ط**: طاق، طریقہ، طشت — ؟ ؟

**ظ**: ظلم، ظفر، ظاہر — ؟ ؟

27N8H2

# ع غ ف ق

تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔




ع




غ




ف




ق

دیکھو اور لکھو۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ع | ع | ع | | | |
| ف | ف | ف | | | |
| ق | ق | ق | | | |

ہاتھ پھیرو۔

ہاتھ پھیرو۔

* دیکھو اور پڑھو۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ع | عا | عی | عے | عو |
| ف | فا | فی | فے | فو |
| ق | قا | قی | قے | قو |

## مشقی سرگرمی

* دائرے کے حرفوں سے بننے والے لفظوں میں ان حرفوں کو پہچان کر نشان لگاؤ۔
استاد کی مدد سے ان حرفوں سے بننے والے دو نئے لفظ بناؤ۔

**ع**

| | |
|---|---|
| عبادت | ؟ |
| عالم | |
| عدد | ؟ |

**غ**

| | |
|---|---|
| غبارہ | ؟ |
| غار | |
| غور | ؟ |

**ف**

| | |
|---|---|
| فصل | ؟ |
| فرق | |
| فاقہ | ؟ |

**ق**

| | |
|---|---|
| قیامت | ؟ |
| قدرت | |
| قابل | ؟ |

ہاتھ پھیرو۔

ق

* دیکھو اور سیکھو۔

اَ + و = اَو        سَو        نَو        جَو

* ان لفظوں کو بلند آواز سے پڑھو۔

دَوڑ        حَوض        مَوج        غَور        طَور


## دُودھ جَلیبی

* سنو اور دہراؤ۔

شَوکت ، روشن ، کَوثر آؤ        صَولت ، رَونق بھی آ جاؤ
چَوک سے جو نوکر آیا ہے        دُودھ جَلیبی وہ لایا ہے
اِک قَطار میں سب لگ جاؤ        دَوڑو ، حَوض کو چھو کر آؤ
لَوٹ کے جلدی جو آئے گا        دُودھ جَلیبی وہ پائے گا

### مشقی سرگرمی

کھیل کھیل میں سیکھو۔




تیر کے نشان کے ساتھ چل کر حروف کو ملا کر نئے لفظ بناؤ اور لکھو۔

27X4XP

# ک گ ل م ء

ہاتھ پھیرو۔

تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔




ک




گ




ل




م

ء



رنگ بھرو۔











## مشقی سرگرمی

دیکھو اور لکھو۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ک | ک | ک | ک | ک | |
| ک | | | | | |
| ل | ل | ل | ل | ل | |
| ل | | | | | |
| م | م | م | م | م | |
| م | | | | | |

* دیکھو اور پڑھو۔

ک کا کی کے کو

ل لا لی لے لو

م ما می مے مو

286ZZC



* دائرے کے حرفوں سے بننے والے لفظوں میں ان حرفوں کو پہچان کر نشان لگاؤ۔
استاد کی مدد سے ان حرفوں سے بننے والے دو نئے لفظ بناؤ۔

| ک | |
|---|---|
| کپڑے | ؟ |
| کدّو | |
| کیلا | ؟ |

| گ | |
|---|---|
| گملا | ؟ |
| گڑیا | |
| گلاب | ؟ |

| ل | |
|---|---|
| لوگ | ؟ |
| لٹّو | |
| لال | ؟ |

| م | |
|---|---|
| مسجد | ؟ |
| مندر | |
| مینار | ؟ |

## دادا آئے

* سنو اور دہراؤ۔

باجی حاجی دادا آئے — زم زم کی اک بوتل لائے
آئے دہلی والے خالو — لائے چابی والا بھالو
ڈم ڈم ڈم ڈم باجے باجا — خوش ہوتا ہے مُنّا راجا
پُونے سے ہے آپا آئی — چلنے والی گُڑیا لائی
خالہ بی نے مانگا پانی — لانے دوڑی گُڑیا رانی

(سیّد صفدر)

رنگ بھرو۔



# ایک خواب

ایک دن خواجہ نے خورشید آپا کو اپنا خواب سنایا: ''پانی کی نہر ہے، اس کے کنارے ایک محل ہے۔ ایک خوب صورت پری خوان لیے آسمان سے اُتر رہی ہے۔ خوان آم، انار، برفی اور گلاب جامن سے سجا ہے۔ ان سب کی خوشبو سے میرا جی خوش ہوگیا۔''

خورشید آپا : آگے کیا ہوا؟

خواجہ : پری خود میرے پاس آئی۔ اس نے برفی دی اور اُڑتی ہوئی چلی گئی۔

خورشید آپا : برفی کا کیا ہوا؟

خواجہ : ہوتا کیا؟ بس میرا خواب ٹوٹ گیا۔ برفی کی خواہش رہ گئی۔

خورشید آپا : فکر نہ کرو، برفی ہمارے ذِمّے۔



## مشقی سرگرمی

* خالی چوکون میں مناسب حرف لکھ کر نئے لفظ بناؤ۔

۱۔ خ و ☐ ☐ ش

۲۔ خ و ا ☐ ہ

۳۔ خ و ☐


2G6RTH

رنگ بھرو۔





رنگ بھرو۔



* دیکھو اور سیکھو۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ک | + | ی | = | کی | | جیسے | خاکی |
| گ | + | ی | = | گی | | جیسے | جاگی |
| ل | + | ی | = | لی | | جیسے | لالی |
| م | + | ی | = | می | | جیسے | مامی |

لفظ بولو۔

حج کرنے والا 

 کی 

 کے تین 

سپیرے کی 

مچھلی


* سنو اور دہراؤ۔

مچھلی جَل کی رانی ہے


جیوَن اُس کا پانی ہے

ہاتھ لگاؤ ڈَر جاتی ہے

باہر نکالو مَر جاتی ہے



# لے لو، لے لو



ڈورے لے لو ، تاگے لے لو
تاش نہ لو تو تاشے لے لو

آپ کے ناپ کے موزے لے لو
کالے کالے جوتے لے لو

باجے لے لو ، بالے لے لو
اون کے شال دو شالے لے لو

راجو ، لالو ، بابو ، شامو
جو جو چاہو لے لو ، رامو

ہاتھ پھیرو۔

## مشقی سرگرمی

* دیکھو اور سیکھو۔

ک + ے = کے     جیسے تاکے خاکے
گ + ے = گے     جیسے جاگے آگے
ل + ے = لے     جیسے کالے تالے
م + ے = مے     جیسے جامے نامے

YE5U4E

# میاں نٹ کھٹ

میاں نٹ کھٹ بڑے شرارتی تھے۔ وہ اسکول بھی روزانہ دیر سے پہنچتے تھے۔ آخر ایک دن ہیڈ ماسٹر صاحب نے انھیں اپنے آفس میں بلوا بھیجا...

